# اقوال حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام

<"xml encoding="UTF-8?>

(۱)

” قال الامام موسیٰ الکاظم علیہ السلام:لیس منا من لم یحاسب نفسه کل یوم “ ( ۱ )

ترجمہ:

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام فرماتے ھیں :

” جو شخص ھر روز اپنے نفس کا محاسبہ نہ کرے وہ ھم میںسے نہیں ھے “۔

(۲)

قال الامام موسیٰ الکاظم علیہ السلام:” ایاک ان تمنع فی طاعت اللّٰہ، فتنفق مثلیہ فی معصیة اللّٰہ “(۲)

ترجمہ ۔

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام فرماتے ھیں :

” اطاعت خدا میں مال خرچ کرنے سے پرھیز نہ کرو ، ورنہ دو برابر خدا کی معصیت میں خرچ ھو جائے گا “۔

(۳)

قال الامام موسیٰ الکاظم علیہ السلام:” ان الزرع ینبت فی السھل و لا ینبت فی الصفا فکذالک الحکمة تعمر فی قلب المتواضع و لا تعمر فی قلب المتکبر الجبار !“ (۳)

ترجمہ ۔

حضرت امام موسی کاظم علیہ السلام فرماتے ھیں :

” جس طریقے سے زراعت نرم زمین میں ھوتی ھے نہ کہ سخت زمین میں، اسی طرح سے علم و حکمت متواضع انسان کے دل میں پروان چڑھتے ھیںنہ کہ متکبر و جبار کے “۔

(۴)

قال الامام موسیٰ الکاظم علیہ السلام:المؤمن مثل کفتی المیزان کلما زید فی ایمانه زید فی بلائه “(۴)

ترجمہ:

حضرت امام موسی کاظم علیہ السلام فرماتے ھیں :

” مومن ترازو کے دو پلڑوں کے مانند ھے جتنا ایمان میں اضافہ ھو گا اتنا بلا و مصیبت میں بھی اضافہ ھو گا “۔

(۵)

قال الامام موسیٰ الکاظم علیہ السلام:المصیبة للصابر واحدة و للجازع اثنتان “(۵)

ترجمہ ۔

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام فرماتے ھیں :

”صبر کرنے والوں کے لئے ایک مصیبت ھے لیکن جزع وفزع کرنے والوں کے لئے دو مصیبتیں ھیں “۔

حوالہ:

۱۔اقوال الائمہ ج۱ ص۲۱٦

۲۔ تحف العقول ص ۳۰۵

۳۔تحف العقول ص ۲۹۶

۴۔ تحف العقول ص۸۴۴

۵۔ تحف العقول ص ۷۵۴